نصیحة الواعظین للمعاشرة الخواتین

اندر پڑھیں۔۔۔

- اسلامی خواتین کے لئے مفید نصیحتیں
- خواتین کی معاشرے میں اہمیت
- مقدس شہزادیوں کے لئے قرآنی ہدایات

پیشکش

اہلِ سنت و جماعت

شائع کردہ

النجم اسلامک میڈیا

8527632019,9837777689

An Najm Islamic Media

قرآن، حدیث و فقہ کے مسائل کو عام کرنے اور عام مسلمانوں کو اپنے دین سے آشنا کرانے کی ایک کوشش کا نام ہے **النجم اسلامک میڈیا** جو کہ یوٹیوب کے ذریعہ پیغامِ اسلام کو عام کر رہی ہے۔

ہم **مسلک اعلیٰ حضرت** کے پکّے ماننے والے ہیں اور اسی طرح کے لٹریچر کو فروغ دیتے ہیں۔

اس چینل کو سبسکرائب کرکے آپ سن سکیں گے اصلاحی بیانات، فقہی مسائل، درسِ قران، درسِ حدیث، تلاوتِ قران، نعت و منقبت اور عشقِ مصطفیٰ کا جام پلاتے ہوئے پُر کیف خصوصی بیانات۔ جید علما و مفتیانِ کرام کی زیرِ نگاہ داشت یہ سبھی مسلمانوں کے لئے ایک آسان ذریعہ ہے قران، حدیث و فقہ سیکھنے کا۔

تو ابھی یوٹیوب پر **النجم اسلامک میڈیا**

(An Najm Islamic Media)

کو سبسکرائب کریں۔

حضراتِ گرامی! اسی طرح کی اور بھی بہت سی دینی کتابیں، فولڈر، رسائل، پمفلٹ وغیرہ زیرِ پروف پر ہماری طرف سے چھاپے جاتے ہیں اور مفت میں تقسیم کئے جاتے ہیں اگر آپ انمیں تعاون یا اشتہار دینا چاہتے ہیں تو ہم سے ان نمبر پر رابطہ کریں

جناب فردین احمد خان رضوی	9837777689
جناب امان الدین خان رضوی	8527632019
جناب صابر حسن خان رضوی	8218824901

اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کے صدقے دین کی خدمت کرنے کا جذبہ عطا فرمائے آمین۔

نہیں ٹکنے والی ہے، الگ الگ سوشل نیٹورکس پر اپنی تصویر ڈالنے سے پہلے ذرا سوچو کہ اگر تمہاری تصویر دیکھ کر کسی کے دل میں شہوت پیدا ہوئی تو اس کی ذمہ دار تم ہوگی اور تمہیں بھی اس کا عذاب ملے گا۔ یاد رکھنا جن کے لئے تم بن سنور کر تصاویر ڈال رہی ہو انہیں تمہاری قبر میں نہیں آنا ہے! آنا ہے تو بس مدینہ والے پیارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے آنا ہے۔ ان کو کیا جواب دو گی کہ جو زندگی تمہیں رسول عربی صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے ملی تم نے اس کا کیا استعمال کیا؟

جہاں میں ہیں عبرت کے کتنے نمونے، مگر تجھ کو اندھا کیا رنگ و بو نے،
کبھی غور سے یہ بھی دیکھا ہے تو نے؟ جو آباد تھے وہ محل اب ہیں سونے!
جگہ جی لگانے کی دنیا نہیں ہے، یہ عبرت کی جا ہے تماشہ نہیں ہے

یہی وقت ہے!

اسلام کی مقدس شہزادیوں! اللہ خود پر یہ ظلم نہ کرو! جہنم کی آگ سخت دہکتی ہوئی ہے اور خدا نہ کرے اگر یہی اعمال رہے تو تمہیں اس کے اندر جانا ہوگا! وقت کو بہت غنیمت جانو اور اپنے رب کی بارگاہ میں توبہ کر لو۔ گڑگڑا۔ گڑگڑا کر اپنے گناہوں کی معافی مانگ لو کہ تمہارا رب بہت کریم ہے۔ اگر تم سچے من سے توبہ کروگی تو وہ بہت توبہ قبول کرنے والا ہے۔ اپنے رب کے اس ارشاد کو یاد کرو!

یٰٓاَیُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِیْمِ (الانفطار ٦)

ترجمہ: اے آدمی تجھے کس چیز نے فریب دیا اپنے کرم والے رب سے

یعنی اے غافل انسان! تیرا رب تو بڑا کریم ہے۔ اسی کے کرم کے آغوش میں تو نے پرورش پائی جب تو چھوٹا تھا اور اب جب کہ تو جوانی کی منزل میں ہے تو تجھے کس چیز نے اپنے کریم رب کی طرف آنے سے روک رکھا ہے؟ اس فریبی دنیا نے؟ ارے یہ تو چند روزہ ہے! آج ہے کل نہیں ہوگی۔ مگر آخرت تو ہمیشہ باقی رہنے والی ہے۔ اگر عذاب ہے تو وہ بھی دائمی اور اگر نعمتیں ہیں تو وہ بھی دائمی۔

لہٰذا ہر مومن بہن اپنی اصلاح کی کوشش کرے اور اپنی آس پاس کی تمام خواتین کی اصلاح کی کوشش کریں۔ و باللہ توفیق

عورت کی معاشرے میں اہمیت

الحمد للہ رب العالمین والصلاۃ والسلام علی سید المرسلین و آلہ و صحبہ أجمعین إلی یوم الدین

بعد حمد وثناوصلاۃ وسلام، عرض یہ ہے کہ اللہ تبارک وتعالٰی نے انسان کا جوڑا بنایا ہے، جتنی ضرورت واہمیت کا حامل مرد ہے اتنی ہی عورت ہے، کہ ان میں سے ایک کی بھی غیر موجودگی میں کبھی بھی کسی کامیاب معاشرے کی تشکیل نہیں ہوسکتی، تاہم جیسے مرد پر احکام اسلام جاری ہیں ویسے ہی عورت پر بھی اسلامی قوانین کی پاسداری فرض ہے، لہذا ایک کامیاب اسلامی ماحول وجود میں لانے کے لئے عورت کے مقام کو سمجھنا بے حد ضروری ہے، وہ کبھی تو بیٹی کی شکل میں اپنے خاندان کی آبرو بن کر پیدا ہوتی ہے، کبھی ایک بہن بن کر اپنے بھائی کے دل کا قرار بنتی ہے، کبھی اپنے شوہر کا ایمان مکمل کرتی اور اسکی آنکھوں کا نور بنتی ہے، اور کبھی ماں بنتی ہے تو جنت اسکے قدموں میں آجاتی ہے، صرف یہی نہیں، وہ اپنی بہن کی رازدار، ماں کی مددگار، اور باپ کی خدمت گزار بھی ہوتی ہے. حاصل کلام یہ کہ عورت کے وجود کی انسانی زندگی میں اہمیت اظہر من الشمس ہے یعنی سورج کی طرح روشن ہے. اور ایک عورت کی اصلاح ایک معاشرے کی اصلاح کے برابر ہے، اسی جذبے کے تحت یہ تحریر آپ ناظرین کے سپرد ہے اور آپ سب سے التماس ہے کہ سب خواتین اہل سنت کے لئے دعا کریں کہ اللہ سب کی اصلاح فرمائے،

آمین ثم آمین یا رب العالمین بجاہ النبی الامین علیہ صلاۃ و التسلیم

مغربی تہذیب کے نشانے پر کون؟

اسلام کی مقدس شہزادیوں! کیا آپ جانتی ہیں کہ عالم میں کیا قیامت برپا ہے؟ چاروں طرف نظریں کریں تو بس فحاشی فحاشی، عریانیت عریانیت نظر آتی ہے جہاں تک نگاہ جاتی ہے بے پردگی کا اندھیرا آنکھوں کا نور ختم کرتا معلوم ہوتا ہے، اور یہ سب کیوں؟ اسکی اصل وجہ یہ ہے کہ ایک لڑکی کا دل بہت نازک ہوتا ہے اور وہ اکثر اپنے دل کی سنتی ہے، تو اغیار اسے اپنے دامِ فریب میں آسانی سے لے لیا کرتا ہے، آج فیشن ومغربی تہذیب کے نام پر آپ سے آپ کی پاک دامنی چھینی جارہی ہے، دشمن نے آپ کے قلبِ نازک کو نشانہ بنا کر اپنا بے غیرتی کے زہر آلودہ تیر آپ پر

چھوڑ دیا ہے، اب یہ آپ پر ہے کہ اس سے خود کو زہر آلود کرلیں یا اس کے آگے قومِ مسلم کی علمبردار بن کر سینہ بہ سپر ہو کر کھڑی ہو جائیں، اور یہ کہہ دیں

مجھے ہرگز کسی فیشن کی ضرورت ہی نہیں،

میں کنیزِ زہرہ ہوں مجھے حاجت ہی نہیں،

عورت کے لئے قرآنی ہدایات

ہمارے رب تعالٰی کا ہم پر کتنا بڑا احسان ہے کہ ہمیں ہر مشکل کا حل اور ہر پریشانی سے نجات دلانے والی کتاب اپنے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعے بھیجی، اگر ہم جاننا چاہتے ہیں کہ ہم کیوں پیدا ہوئے؟ تو اسکا جواب بھی قرآن میں ہے

وَ مَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَ الْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ (الذاریات ٥٦)

ترجمہ : اور میں نے جن اور انسان اسی لیے بنائے کہ میری بندگی کریں۔

پھر خواتین کے لئے فرمایا:

وَ قَرْنَ فِیْ بُیُوْتِكُنَّ وَ لَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِیَّةِ الْاُوْلٰى

ترجمہ : اور اپنے گھروں میں ٹھہری رہو اور بے پردہ نہ رہو جیسے اگلی جاہلیت کی بے پردگی۔ (الاحزاب ٣٣)

اور ایک مقام پر ارشاد فرمایا:

وَ قُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ یَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَ یَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَ لَا یُبْدِیْنَ زِیْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَ لْیَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُیُوْبِهِنَّ۪ وَ لَا یُبْدِیْنَ زِیْنَتَهُنَّ (النور ٣١)

ترجمہ : اور مسلمان عورتوں کو حکم دو اپنی نگاہیں کچھ نیچی رکھیں (ف ٥٦) اور اپنی پارسائی کی حفاظت کریں اور اپنا بناؤ نہ دکھائیں (ف ٥٧) مگر جتنا خود ہی ظاہر ہے اور وہ دوپٹے اپنے گریبانوں پر ڈالے رہیں، اور اپنا سنگھار ظاہر نہ کریں۔

اللہ اللہ! میرا التماس ہے ان مقدس خواتین سے کہ ان آیات کو بار بار غور سے پڑھیں اور اپنا محاسبہ کریں اپنے اندر جھانکیں اور دل سے پوچھیں کیا میں ان ارشاداتِ ربانی پر عمل کرتی ہوں؟ کیا میں نے قرآن کے ان فرامین کی پاسداری

کی یا ان کو فراموش کر دیا؟ روزِ محشر جب میرا رب العزت مجھ سے پوچھے گا تو میرا جواب کیا ہوگا؟ للہ میری بہنوں اللہ کی بارگاہ میں توبہ کرلو تائب ہو جاؤ ورنہ نا جانے کب تمہارے بدن پر یہ بہترین عطر کی خوشبو کافور کی غمگین بو میں بدل جائے، کب تم محترمہ سے مرحومہ بن جاؤ اسکا کوئی پتا نہیں ہے،

کہیں بغیر توبہ کے رخصت ہوئیں تو آگے کی راہ بہت پر خار ہے تمہارا یہ نازک وجود کیسے اس آگ کو جھیل سکے گا جس کو بڑے بڑے سورما نہیں جھیل پائیں گے!

عشقِ مجازی اور تباہی

دورِ حاضر میں جو فتنے ہمارے روبرو ہیں ان میں سے خواتین کے لئے سب سے مضر ہے یہ عشقِ مجازی کا بھوت، جو ایک بار کسی آسیب کی طرح سوار ہو جائے تو اترنے کا نام نہیں لیتا، بارہا دیکھا گیا ہے کہ بھولی بھالی لڑکیاں کچھ فریبی لوگوں کی چکنی چپڑی باتوں میں آکر اپنی واپنے خاندان کی آبرو کو داؤ پر لگا دیتی ہیں اور کئی بار تو نعوذ باللہ اپنا گوہرِ عصمت بھی کھو دیتی ہیں، یاد رکھو میری پیاری بہن یہ زندگی چند روزہ ہے اور پھر وہی قبر کی اندھیری رات ہے جس میں صرف تم اور تمہارے اعمال ہوں گے، وہاں جب سرکار سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائیں گے تو انہیں کیا منہ دکھاؤ گی؟ روزِ قیامت جب پوچھا جائے گا کہ جوانی کہاں بتائی تو کیا جواب دوگی؟ پارکوں میں؟ چوراہوں پر؟ بازار میں غیر مردوں کے ساتھ؟ ہرگز نہیں، آج ہی اپنی زندگی کو مصطفٰی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے نام وقف کردو اور بس حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رضاجوئی میں لگ جاؤ، عشق کرو تو مدینہ والے پیارے پیارے حسین ومہ جبین ہر ٹوٹے دل کے سہارے، مدنی مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم سے کرو، جن کا عشق اصلِ ایمان جانِ ایمان ہے،

سوشئل میڈیا مفید یا مضر؟

آج کے دور میں جو ذرائع ابلاغ پائے جاتے ہیں ان میں سب سے زیادہ مقبولیت سوشئل میڈیا کو حاصل ہے۔ اور اسی کے ذریعے بہت سے لوگ فائدہ بھی اٹھاتے ہیں۔ مگر جو آج سوشئل میڈیا پر فحاشی کا دور دوراں ہے وہ کسی سے ڈھکا چھپا نہیں ہے لہذا آئے دن خبریں ملتی رہتی ہیں کہ فلاں شہر میں سوشئل میڈیا کے ذریعہ بہلا کر کسی خاتون کی عصمت دری کی گئی۔ یاد رہے پیاری بہنوں کہ یہ چند روزہ شوہرت